جناب شفیق الدین فاروقی

دارالعلوم کے شب وروز

<u>دارالعلوم کے شیخ الحدیث حضرت مولانا سید شیر علی شاہ صاحب مدظلہ کی زوجہ کی رحلت</u>: دارالعلوم حقانیہ کے شیخ الحدیث حضرت مولانا سید شیر علی شاہؒ صاحب کی زوجہ گزشتہ دنوں حرکت القلب بند ہوجانے کی وجہ سے انتقال فرماگئیں۔اناللہ وانا الیہ راجعون۔مرحومہ انتہائی عابدہ، زاہدہ، اطاعت شعار اور دینی مزاج کی حامل خاتون تھیں۔آپ اس گئے گزرے دور میں وفاداری کی ایک بڑی مثال تھیں۔عمر بھر حضرت مولانا مدظلہ کی بھرپور مصروفیات سے پُر زندگی میں آپ نے انکا بھرپور ساتھ دیا۔دن رات مہمانوں کی مہمان نوازی میں آپ مصروف رہتیں۔اس کے ساتھ ساتھ بچیوں کو قرآن وغیرہ سکھانا بھی آپ کے ذمے تھا۔آپ نے تمام ذمہ داریاں بڑے احسن طور پر سرانجام دیں اور اپنے نیک اور صالح اولاد کی ہر قسم کی بھرپور اخلاقی تربیت بھی کی۔مرحومہ کا جنازہ اسی دن دس بجے اکوڑہ خٹک میں ادا کیا گیا۔جس میں ہزاروں علماء وطلباء، ممبران قومی اسمبلی، اور جامعہ حقانیہ کے فضلاء اور عوام الناس کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔مرحومہ نے اپنے سوگوران میں دو صاحبزادگان مولانا سید امجد علی شاہ المدنی اور مولانا سید ارشد علی شاہ حقانی جبکہ چار صاحبزادیاں چھوڑیں۔بعد میں بھی کئی روز تک تعزیت کا سلسلہ چلتا رہا۔اور ملک بھر سے علماء کرام کی ایک بڑی تعداد نے حضرت مولانا مدظلہ کی رہائش گاہ پر آکر ان سے تعزیت کی۔دارالعلوم حقانیہ اپنے شیخ الحدیث حضرت مولانا سید شیر علی شاہ اور ان کے صاحبزادگان اور پسماندگان سے دلی تعزیت کرتا ہے اور مرحومہ کے رفع درجات کے لئے قارئین سے بھی دعاؤں کی اپیل کرتا ہے۔

<u>متحدہ عرب امارت کی نامور شخصیت شیخ احمد خلیفہ سویدی کی دارالعلوم تشریف آوری</u>: ۲۶ر اپریل کو متحدہ عرب امارت کی معروف سماجی وسیاسی شخصیت سابق وزیر خارجہ شیخ احمد خلیفہ سویدی دارالعلوم حقانیہ تشریف لائے، انکی پاکستان آمد خصوصی طور پر مولانا شیر علی شاہ صاحب کے تعزیت کیلئے تھی۔آپ نے جامعہ کے مختلف شعبے دیکھے اور کئی شعبوں کی اعلیٰ کارکردگی دیکھ کر آپ نے اپنے تحسینی کلمات سے جامعہ کو خراج تحسین پیش کیا۔اور خصوصاً شعبہ حفظ کے بچوں کی تلاوت اور تجوید سے نہایت خوش ہوئے اور کافی دیر تک بچوں کی معصوم تلاوتوں میں منہمک رہے۔بعد میں آپ نے ایوان شریعت ہال میں جامعہ کے طلباء سے مختصر مگر جامع خطاب فرمایا۔اس سے پہلے حضرت مہتمم صاحب مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ اور شیخ الحدیث حضرت مولانا شیر علی شاہ صاحب مدظلہ نے آپ کی آمد کے حوالہ سے خیر مقدمی خطاب فرمائے۔بعد میں حضرت مہتمم صاحب مدظلہ کی رہائش گاہ پر ایک بڑی دعوت کا اہتمام بھی کیا گیا جس